# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**محکمہ زراعت پنجاب کا جعلی کھاد کے مکروہ دھندے میں ملوث افراد کے خلاف کامیاب آپریشن**

**گجرات میں تقریباً 2 کروڑ روپے مالیت کی جعلی پیکنگ والی ڈی اے پی کھاد کے 1,244 تھیلے ضبط**

لاہور: **09 اگست 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ زراعت پنجاب نے جعلی کھادوں کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے گجرات میں تقریباً 2 کروڑ روپے مالیت کی جعلی پیکنگ والی ڈی اے پی کھاد کے 1,244 تھیلے ضبط کر لیے۔

محکمہ زراعت کے متعلقہ افسران نے کارروائی کے دوران جعلی کھاد کی پیکنگ میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے فرٹیلائزر کنٹرول ایکٹ 2025 کے تحت ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج کروادی، جبکہ ایک ملزم کو موقع پر گرفتار کر لیا گیا۔

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق جعلی کھاد اور زرعی زہروں کی تیاری، ذخیرہ اندوزی اور فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف محکمہ زراعت زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی فراہمی یقینی بنانے اور انہیں جعلی کھاد و زرعی زہروں کے نقصانات سے محفوظ رکھنے کے لیے ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائیاں جاری ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے واضح کیا ہے کہ غیر معیاری کھادوں اور جعلی زرعی زہر تیار کرنے، ذخیرہ کرنے یا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی شخص سے رعایت نہیں برتی جائے گی۔

☆☆☆☆